راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) علماء دیوبند کی تاریخ قربانیوں سے بھری ہوئی ہے اکابر علماء نے تحریک آزادی میں اپنی جانیں لٹادی تھیں لیکن بدقسمتی سے اسلامی مملکت حاصل ہونے کے باوجود اس میں انگریزی سامراج کے اثرات ختم نہ ہوسکے ہمیں اسلامی نظام کیلئے جمعیت کا ساتھ دینا ہوگا۔ انسان کو اللہ تعالیٰ نے اس دنیا میں عظیم مقصد کیلئے پیدا کیا ہے اس مقصد کو حاصل کرنا ہر انسان پر فرض ہے۔ اس دنیا میں خداوند قدوس کے احکامات اور رسول اللہ ﷺ کے طریقے پر چلنا ہی اصل زندگی ہے لیکن ہم نے اس مقصد کو بھلا دیا ہے اس وجہ سے پوری دنیا میں مسلمان کمزور ہو چکے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمٰن عزیز نے ایک تربیتی ورکشاپ میں کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا، انہوں نے مزید کہا کہ جب بھی اسلام دشمن قوتوں نے مغرب کی تہذیب لانے کیلئے سازشیں کی تو جمعیت علماء اسلام کے اکابرین اور کارکنوں نے اس کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔

ABC Certified
اسلام آباد، کراچی، مانسہرہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار
THE DAILY SARKAR ISLAMABAD
روزنامہ
سرکار
اسلام آباد
Reg. No 1009
صفحات 8 قیمت 10 روپے
چیف ایڈیٹر
ملک صدیق اعوان
جلد 7 | جمعرات 05 مارچ 2015ء 13 جمادی الاول 1436ھ 22 پھاگن 2070ب | شمارہ 202

جے یو آئی کیخلاف زبان استعمال کرنیوالے یہود و نصاریٰ کے ایجنٹ ہیں، عبدالرحمٰن

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) جمعیت علماء اسلام اور قائدین جمعیت کے خلاف بے ہودہ زبان استعمال کرنے والے یہود و نصاریٰ کے ایجنٹ ہیں یہ سب اپنے آقاؤں کو خوش کرنے کیلئے مکروہ پروپیگنڈہ کر رہے ہیں کیونکہ جمعیت ہی ان کے اور انکے آقاؤں کے مکروہ عزائم کے خلاف سد سکندری کا کردار ادا کر رہی ہے ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمن عزیز نے میڈیا میں جاری اپنے بیان میں کیا۔

ABC Certified
اسلام آباد، کراچی، مانسہرہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

THE DAILY SARKAR ISLAMABAD

روزنامہ

سرکار

اسلام آباد

Reg.No1009

صفحات 8 قیمت 10 روپے

چیف ایڈیٹر
ملک صدیق اعوان

جلد 7 | بدھ یکم اپریل 2015ء 11 جمادی الثانی 1436ھ 19 چیت 2070ب | شمارہ 229

حرمین کا تحفظ ہر مسلمان پر فرض ہے، عبدالرحمٰن عزیز

مسلم ممالک کو میدان جنگ بنانا امریکہ کی کرش مسلم پالیسی کا اہم حصہ ہے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) حرمین کا تحفظ ہر مسلمان پر فرض ہے مسلم ممالک کو میدان جنگ بنانا امریکہ کی کرش مسلم پالیسی کا اہم حصہ ہے یمن میں بغاوت اور جنگ کا سب سے بڑا فائدہ اسرائیل کو ہوگا۔ یمن کے باغی حوثی لیڈر کا بیت اللہ پر حملے کا بیان پوری امت مسلمہ کے ایمانی ولولوں کو چیلنج کرنے کے مترادف ہے ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام کے پنجاب کے رہنماء عبدالرحمٰن عزیز نے میڈیا میں جاری اپنے بیان میں کیا انہوں کہا کہ ملک کے معاشی مرکز کراچی کو دہشت گردوں سے مکمل طور پر واگزار کرانا ناگزیز ہے کراچی میں نائن زیرو سے نامی گرامی دہشت گردوں کی گرفتاری اور یہاں سے بھاری مقدار میں غیر ملکی اسلحہ کی برآمدگی میں ایم کیو ایم کی قیادت کو مکمل طور پر بے نقاب کر دیا ہے۔ رینجر اور قانون نافذ کرنے والی ایجنسیاں مبارک باد کی مستحق ہیں

مدارس دینیہ ملت اسلامیہ کے نظریہ کو نوجوان نسل تک پہنچا رہے ہیں، عبدالرحمٰن

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) مدارس دینیہ ملت اسلامیہ کے پائیدار نظریہ کو نوجوان نسل تک پہنچا رہے ہیں اور امت مسلمہ کی رہنمائی کا فریضہ سرانجام دے رہے ہیں اور ملک کے لاکھوں غریب طلبہ کو مفت زیور تعلیم سے آراستہ کر رہے ہیں مدارس کے خلاف انتہا پسندی کا پروپیگنڈہ سامراجی سازشوں کا حصہ ہے

چینی صدر کا دورہ پاکستان سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے، عبدالرحمٰن

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) چینی صدر کا دورہ پاکستان پاک چائنہ تعلقات کے حوالے سے سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس حوالے سے حکومت پاکستان کی کاوشیں قابل ستائش ہیں یہ ہر حوالے سے ایک انتہائی کامیاب دورہ ہے جو کہ خطے میں امن و استحکام کیلئے مددگار ثابت ہوگا۔ اور چین کی طرف سے اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری کے نتیجہ میں ملکی معیشت میں بہتری کا عمل تیز ہو جائے گا۔

لسانیت کی بنیادوں پر نئے صوبوں کے مطالبات آئین کے منافی ہیں، عبدالرحمٰن

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمٰن عزیز نے اپنے بیان میں کہا کہ ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کا سندھ میں نیا صوبہ بنانے کا مطالبہ بے وقت کی راگنی ہے۔

ABC Certified
اسلام آباد، کراچی، مانسہرہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار
THE DAILY SARKAR ISLAMABAD
روزنامہ سرکار اسلام آباد
Reg.No1009
صفحات 8 قیمت 10 روپے
چیف ایڈیٹر
ملک صدیق اعوان
جلد 7 | جمعۃ المبارک یکم مئی 2015ء 11 رجب 1436ھ 18 بیساکھ 2070ب | شمارہ 259

ملک میں مزدوروں کا استحصال کیا جا رہا ہے، عبد الرحمٰن

محنت کش طبقہ ملکی پیداوار میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، خطاب

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمٰن عزیز نے یوم مئی کے حوالہ سے جے یو آئی کے مقامی دفتر میں مزدور ونگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں مزدوروں کی محنت کا استحصال کیا جا رہا ہے حالانکہ محنت کش طبقہ ملکی پیداوار میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے مگر مزدوروں کو ان کی محنت کا معقول معاوضہ نہیں مل رہا مزدور کی کم از کم تنخواہ تیس ہزار روپے مقرر کی جائے اور اوقات کار آٹھ گھنٹے سے زیادہ نہیں ہو نے چاہییں اور کارخانے کے منافع میں مزدوروں کو معقول شرح سے حصہ دار بنایا جائے جب تک مزدوروں کو فیکٹری کے منافع میں شریک نہیں کیا جائے گا اس وقت تک ملکی معیشت ترقی نہیں کر سکے گی اسلام مزدوروں کے حقوق کا سب سے بڑا علمبردار ہے یوم مئی کے موقع پر جمعیت علماء اسلام ملک گیر سطح پر مزدوروں کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتی ہے اور پاکستان کے مزدوروں کے حقوق کیلئے جدوجہد کرتی رہے گی۔

اسلام آباد، کراچی، مانسہرہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار
Certified
THE DAILY SARKAR ISLAMABAD
روزنامہ سرکار اسلام آباد
Reg.No1009
چیف ایڈیٹر
ملک صدیق اعوان
قیمت 8 روپے
جلد 7 | ہفتہ 02 مئی 2015ء 12 رجب 1436ھ 19 بیساکھ 2070ب | شمارہ 260

پاک سعودی عرب تعلقات وقت کیساتھ مزید مضبوط ہونگے، عبدالرحمٰن

نیا پاکستان بنانے والے اب نیا کراچی بنانے کے پروگرام میں بھی ناکام ہوگئے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) پاک سعودی عرب تعلقات وقت کے ساتھ مزید مضبوط ہوں گے، نیا پاکستان بنانے والے نیا خیبر نہ بنا سکے اور اب نیا کراچی بنانے کے پروگرام میں بھی ناکام ہوگئے ہیں، عام انتخابات اسمبلی کی مدت پوری ہونے پر ہوں گے اور یہی جمہوریت کا حسن ہے، حرمین شریفین کے تحفظ کے لیئے ہر مسلمان ہر قربانی دینے کے لیئے ہر وقت تیار ہیں، سعودی عرب سے پاکستانیوں کے ایمانی روحانی کے ساتھ برادرانہ تعلقات ہیں اور یہ دن قیامت تک رہیں گے، پاکستان کی حکومتی اور عسکری قیادت کا دورہ پاکستان سے دونوں ملکوں کے تعلقات پر خوشگوار اثرات مرتب ہوں گے، امام کعبہ کے دورہ پاکستان کا جے یو آئی خیر مقدم کرتی ہے اس دورے سے پاک سعودی تعلقات میں مزید مضبوطی آئے گی۔ ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمن عزیز نے میڈیا میں جاری بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ بار بار تبدیلی کے نعرے لگانے والے یہ بات ذہن میں رکھ لیں ان کے ہاتھ سے کوئی تبدیلی نہیں آنے والی

THE DAILY SARKAR ISLAMABAD

روزنامہ سرکار اسلام آباد

Reg. No 1009

چیف ایڈیٹر
ملک صدیق اعوان

جلد 7 | بروز 04 مئی 2015ء 14 رجب 1436ھ 21 بیساکھ 2070ب | شمارہ 262

چینی سرمایہ کاری کیخلاف کوئی سازش کامیاب نہیں ہونے دی جائیگی، عبدالرحمٰن

چین کے ساتھ ہونے والے معاہدات کے اثرات معیشت پر بہترین مرتب ہوں گے

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) چین کے ساتھ ہونے والے معاہدات کے اثرات معیشت پر بہترین مرتب ہوں گے اور چین کی سرمایہ کاری کے خلاف کوئی سازش کامیاب نہیں ہونے دی جائے گی۔ پاک چین تعلقات مزید مضبوط ہوں گے۔ پارلیمنٹ یہ طے کر چکی ہے کہ پاک چین معاہدات بابر صورت کامیاب ہوں گے اور ان پر عمل درآمد ہوگا۔ وطن عزیز کو عدم استحکام کا شکار کرنے کے لیئے عالمی سازش کے تحت ٹارگٹ کرنے کی کوشش کی جارہی ہے لیکن انشاء اللہ کلمہ طیبہ کے نام پر بننے والے ملک میں کوئی ایسی سازش کامیاب نہیں ہو گی اور آج استعماری قوتیں اور لادین عناصر مسلمانوں کو لڑا کر انتشار پھیلا رہے ہیں امت مسلم کو خصوصاً پاکستانی قوم کو متحد ہو کر ان قوتوں کا مقابلہ کرنا ہو گا۔ ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمٰن عزیز نے میڈیا میں جاری اپنے بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی قوم سعودی عرب کے ساتھ ہے پاک سعودی تعلقات خراب کرنے ہر سازش ناکام بنا دی جائے گی، حرمین کا تحفظ ہمارے ایمان کا حصہ ہے۔

ABC Certified
اسلام آباد، کراچی، ماہنامہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار
THE DAILY SARKAR ISLAMABAD
روزنامہ سرکار اسلام آباد
Reg. No 1009
چیف ایڈیٹر
ملک صدیق اعوان
جلد 7 | جمعرات 14 مئی 2015ء 24 رجب 1436ھ 31 بیساکھ 2070ب | شمارہ 272

کراچی بس سانحہ ایک قومی سانحہ ہے، عبدالرحمٰن عزیز

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمن عزیز نے میڈیا میں جاری اپنے بیان میں کہا ہے کہ کراچی میں مسافر بس میں گھس کر 60 سے زائد مرد و خواتین کی ٹارگٹ کلنگ ایک قومی سانحہ ہے اور یہ درندگی کی انتہا ہے اس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے دہشت گرد انسانیت کے دائرے سے نکل گئے ہیں۔

اسلام آباد، کراچی، ماتسہرہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار
Certified

THE DAILY SARKAR ISLAMABAD

روزنامہ سرکار اسلام آباد

Reg.No1009

صفحات 8 قیمت 10 روپے

چیف ایڈیٹر
ملک صدیق اعوان

جلد 7 | جمعۃ المبارک 15 مئی 2015ء 25 رجب 1436ھ یکم جیٹھ 2070ب | شمارہ 273

کالا باغ ڈیم کی تعمیر از حد ضروری ہے، عبدالرحمٰن عزیز

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمٰن عزیز نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ سستی و مستقل بنیادوں پر توانائی کے حصول اور لاکھوں ایکڑ بنجر اراضی کو سیراب کرنے کیلئے کالا باغ ڈیم کی تعمیر از حد ضروری ہے۔ ایک بین الاقوامی سازش کے ذریعے توانائی کے اس عظیم منصوبے کو متنازعہ بنایا گیا جبکہ اسکی فزیبلٹی رپورٹ تربیلا ڈیم سے بھی پہلے تیار کی گئی تھی۔

ABC Certified
اسلام آباد، کراچی، ماتبرہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار
THE DAILY SARKAR ISLAMABAD
روزنامہ سرکار اسلام آباد
Reg.No.10009
چیف ایڈیٹر
ملک صدیق اعوان
جلد 7 | عید المبارک 22 مئی 2015ء 03 شعبان 1436ھ 08 جیٹھ 2070ب | شمارہ 280
sarkar@dailysarkar.com.pk

عالمی برادری کی خاموشی مصری آمریت کی حمایت ہے، عبدالرحمٰن

صدر مرسی محب وطن، انکی سزا پر مصری حکومت کو نظر ثانی کرنا ہوگی ورنہ احتجاج کرینگے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) مصری عدالت کے فیصلے نے جنرل ضیاء الحق کے دور کے عدالتی فیصلے جس میں بھٹو مرحوم کو سزائے موت سنائی گئی تھی کی یاد تازہ کردی ہے۔ صدر مرسی محب وطن ہے اسکا قصور یہ ہے کہ وہ اسلام پسند ہے، آمریت کو اس نے چیلنج کیا ہے۔ اس اسلامی فیصلے نے مصر کو اسلامی برادری میں تنہا کردیا ہے۔ مصر کو اس پر نظر ثانی کرنی ہوگی ورنہ دنیا بھر کے اسلام پسند اس پر بھرپور اور سخت احتجاج کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمٰن عزیز نے میڈیا میں جاری اپنے بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ او آئی سی اور عرب لیگ اس پر سخت نوٹس لیں۔ عالمی برادری کی خاموشی مجرمانہ اور مصری آمریت کی حمایت ہے۔ مغرب کو جمہوریت بارے دوغلی دوھرے کردار کی نفی کرنی ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہماری جمہوری حکومت کو بھی اس پر احتجاج کرنا چاہئے۔

ABC Certified
اسلام آباد، کراچی، مانسہرہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار
THE DAILY SARKAR ISLAMABAD
روزنامہ
سرکار
اسلام آباد
Reg. No 1009
صفحات 8 قیمت 8 روپے
چیف ایڈیٹر
ملک صدیق اعوان
جلد 7 | ہفتہ 23 مئی 2015ء 04 شعبان 1436ھ 09 جیٹھ 2070ب | شمارہ 281

انتخابی اصلاحات کے بغیر کوئی تبدیلی نہیں آئے گی، عبدالرحمٰن

سیاسی قوتیں حقیقی جمہوریت کے قیام کیلئے جدوجہد کریں، غلطی کی کوئی گنجائش نہیں

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمٰن عزیز نے میڈیا میں جاری بیان میں کہا ہے کہ نظام انتخاب میں بنیادی اصلاحات کیے بغیر آئندہ قومی انتخابات بھی کوئی تبدیلی نہیں لاسکیں گے اور انتخابی عمل بے معانی ہو جائے گا پارلیمنٹ میں انتخابی اصلاحات کی کمیٹی تیزی سے اپنا کام مکمل کرے اور پارلیمنٹ میں موجود تمام سیاسی جماعتیں نیک نیتی کے ساتھ مواثر انتخابی اصلاحات لائیں ورنہ جمہوریت مذاق جمہوریت بنی رہے گی بہت بہتر ہوگا کہ ملک میں آئندہ انتخابات متناسب نمائندگی کی بنیاد پر کرائے جائیں الیکشن کمیشن آف پاکستان کی مکمل مالی وانتظامی خود مختاری ناگزیر ہے۔ چیف الیکشن کمیشن کی تقرری کے لئے حاضر سروس یا ریٹائرڈ جج کی شرط کو ختم کیا جائے ۔تمام سیاسی قوتیں متحد ہو کر ملک میں حقیقی جمہوریت کے قیام کیلئے جدوجہد کریں اب غلطی کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔

اسلام آباد، کراچی، ملتان سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

THE DAILY SARKAR ISLAMABAD

روزنامہ سرکار اسلام آباد

Reg. No 1009

چیف ایڈیٹر ملک صدیق اعوان

جلد 7 | منگل 09 جون 2015ء 21 شعبان 1436ھ 26 جیٹھ 2070ب | شمارہ 298

برما میں نہتے مسلمانوں کے قتل عام پر

خاموشی لمحہ فکریہ ہے، عبدالرحمٰن

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمٰن عزیز نے کہا ہے کہ برما میں نہتے مسلمانوں کے قتل عام پر امت مسلمہ کی خاموشی لمحہ فکریہ ہے بچوں اور خواتین کے جسموں کے اعضاء کاٹ کر جو بے حرمتی کی جارہی ہے وہ ناقابل برداشت ہے۔ اس وقت تمام امت مسلمہ کا فرض بنتا ہے

ABC Certified
اسلام آباد، کراچی، مانسہرہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار
THE DAILY SARKAR ISLAMABAD
روزنامہ سرکار اسلام آباد
Reg.No:1009
چیف ایڈیٹر
ملک صدیق اعوان
جلد 7 | بدھ 24 جون 2015ء 06 رمضان المبارک 1436ھ 10 حاڑ 2070ب | شمارہ 313

لوڈشیڈنگ حکومت و بیوروکریسی کی بدانتظامی کا نتیجہ ہے، عبدالرحمٰن

حکومت بجلی پیدا کرنے والی کمپنیوں کے بقایاجات فی الفور ادا کرے، اجلاس سے خطاب

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمٰن عزیز نے ضلعی مجلس عمومی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں بدترین لوڈشیڈنگ حکومت و بیوروکریسی کی بدانتظامی کا نتیجہ ہے اس وقت سرکولر ڈیبٹ چار کھرب روپے سے تجاوز کر چکا ہے حکومت بجلی پیدا کرنے والی کمپنیوں کے بقایاجات فی الفور ادا کرے تاکہ عوام رمضان المبارک سکون سے گزار سکیں سارا دن بجلی کی لوڈشیڈنگ کر کے سحری اور افطاری کا ڈرامہ رچا کر روزے دار عوام کو ذلیل کیا جا رہا ہے انہوں نے مزید کہا کہ جب تک کالا باغ ڈیم کی تعمیر نہیں ہوتی لوڈشیڈنگ سے مکمل طور پر نجات ممکن نہیں ہے۔ کالا باغ ڈیم نا گزیر ہے تعمیر و توانائی سے اس عظیم منصوبے کا کوئی نعم البدل نہیں کالا باغ ڈیم کی مخالفت کرنے والے ملک قوم سے زیادتی کر رہے ہیں۔ حکومت سنجیدگی سے اس پر عمل درآمد کرے ۔اگر میٹرو بس منصوبہ آٹھ ماہ میں مکمل ہو سکتا ہے تو پھر کالا باغ ڈیم تین سال میں تعمیر کیوں نہیں ہو سکتا

THE DAILY SARKAR ISLAMABAD

روزنامہ

سرکار

اسلام آباد

Reg. No 1009

صفحات 8 قیمت 15 روپے

چیف ایڈیٹر
ملک صدیق اعوان

جلد 7 | ہفتہ 27 جون 2015ء 09 رمضان المبارک 1436ھ 13 ھاڑ 2070ب | شمارہ 316

بی بی سی رپورٹ حکومتی اداروں کیلئے ایک چیلنج ہے، عبدالرحمٰن

ایم کیو ایم کے ،،را،، کے ساتھ روابط اب کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں رہی

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمٰن عزیز نے کہا ہے کہ برطانوی نشریاتی ادارے بی بی سی کی ایم کیو ایم کے متعلق رپورٹ حکومت وقومی سلامتی کے اداروں کیلئے ایک چیلنج ہے اور یہ معاملہ ایگزیٹ سیکنڈل سے سوگنا بڑا ہے سیکنڈل ہے ایم کیو ایم کے ،،را،، کے ساتھ روابط اب کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں رہی ہے ایم کیو ایم کی قیادت کے اعتماد کے بغیر کارکنوں کی ٹریننگ و روابطے مکمل ہی نہیں ہو سکتے ہیں اسلیئے حکومت ملکی سلامتی کے اس اہم ترین مسئلے کو فی الفور سنجیدگی سے لے اور ذمہ داروں کے خلاف موثر کاروائی عمل میں لائے۔ایم کیو ایم کوئی سیاسی جماعت نہیں ہے بلکہ انٹرنیشنل ایجنسیوں اور سامراجی قوتوں کا ایک پالتو گروہ ہے جس نے کراچی کا امن ومعیشت کو تباہ کر دیا ہے۔ایم کیو ایم ملک کیلئے سکیورٹی ریسک بن گئی ہے۔حکومت اور مقتدر حلقے فی الفور نوٹس لے کر کاروائی کا آغاز کریں۔

ABC Certified
اسلام آباد، کراچی، مانسہرہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار
THE DAILY SARKAR ISLAMABAD
روزنامہ سرکار اسلام آباد
Reg.No1000
چیف ایڈیٹر
ملک صدیق اعوان
صفحات 8 قیمت 10 روپے
جلد 7 | پیر 06 جولائی 2015ء 18 رمضان المبارک 1436ھ 22 ھاڑ 2070ب | شمارہ 325

بقیہ 18

ملک کو عدم استحکام کا شکار کرنا چاہتے ہیں۔ پاکستانی قوم اپنی افواج سے لڑائی کی سازش کو ناکام بنائیں۔ افواج پاکستان کراچی اپریشن کو ہر صورت منطقی انجام تک پہنچائیں۔

افواج پاکستان کراچی آپریشن کو منطقی انجام تک پہنچائیں عبدالرحمن عزیز

اسرائیل، امریکہ اور ہندوستان تینوں اپنے اپنے ایجنٹوں کے ذریعے ملک کو عدم استحکام کا شکار کرنا چاہتے ہیں

راولپنڈی (سٹاف پورٹر) جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمن عزیز نے کہا ہے کہ افواج پاکستان و رینجرز کراچی کو معاشی دہشت گردوں سے پاک کرنے کیلئے تاریخی کردار ادا کر رہے ہیں پوری قوم ان کے اس کردار کو تحسین کی نظر سے دیکھتی ہے ایم کیو ایم اور پی پی کے پاؤں تلے سے زمین سرکنے لگی ہے اس مرحلہ پر افواج پاکستان کو ثابت قدم رہنا ہوگا اور کسی ملکی و غیر ملکی دباؤ دھونس سے خائف نہیں ہونا چاہیے ملک کا مستقبل روشن ہو جائے گا۔ بی بی سی کی رپورٹ اور سابق چیف "را" ایس کے دولت کے بیانات ایم کیو ایم کی قیادت کو مکمل طور پر بے نقاب کر دیا ہے نواز حکومت کو چاہیے تھا کہ بھارتی سفیر کو دفتر خارجہ طلب کر کے سخت احتجاج کرتے مگر صد افسوس کہ نواز حکومت سرد مہری کا رویہ اختیار کیے ہوئے ہے برطانیہ، امریکہ اور ہندوستان تینوں اپنے اپنے ایجنٹوں کے ذریعے (باقی صفحہ 5 پر بقیہ 18)

ABC Certified
اسلام آباد، کراچی، مانسہرہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

THE DAILY SARKAR ISLAMABAD

روزنامہ سرکار اسلام آباد

Reg. No 10009

چیف ایڈیٹر
ملک صدیق اعوان

جلد 7 | ہفتہ 11 جولائی 2015ء 23 رمضان المبارک 1436ھ 27 حاڑ 2070ب | شمارہ 330

رینجر کا کراچی آپریشن کا تسلسل ناگزیر ہے، عبدالرحمٰن عزیز

کراچی میں رینجر کے اختیارات میں کم از کم ایک سال کی توسیع ہونی چاہیے

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمٰن عزیز نے اپنے میڈیا میں جاری بیان میں کہا ہے کہ کراچی میں رینجر کے اختیارات میں کم از کم ایک سال کی توسیع ہونی چاہیے کیونکہ کراچی رینجرز نے گزشتہ مہینوں میں کراچی میں امن وامان، ٹارگٹ کلنگ، بھتہ خوری، قبضہ مافیا اور "را" کے ایجنٹوں کے حوالے سے موثر اور بنیادی کردار ادا کیا ہے۔ کراچی میں حکومت وسیول انتظامیہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں پوری کرنے میں ناکام رہی ہے۔ رینجر کا کراچی آپریشن کا تسلسل ناگزیر ہے۔ کراچی کی عدالتوں کو بلاخوف وخطر فیصلے کرنے چاہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضیب کا ادارہ سفید ہاتھی بن چکا ہے۔

ABC Certified
اسلام آباد، کراچی، مانسہرہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

THE DAILY SARKAR ISLAMABAD

روزنامہ

سرکار

اسلام آباد

Reg.No1009

صفحات 8 قیمت 10 روپے

چیف ایڈیٹر
ملک صدیق اعوان

جلد | منگل 11 اگست 2015ء 25 شوال 1436ھ 27 ساون 2070ب | شمارہ 361

حکومت دینی مدارس کی کردار کشی سے باز رہے، عبدالرحمٰن

دینی مدارس دہشت گردی کے نہیں خیر کے مراکز ہیں، صحافیوں سے گفتگو

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمٰن عزیز نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت دینی مدارس کی کردار کشی سے باز رہے دینی مدارس دہشت گردی کے نہیں خیر کے مراکز ہیں۔ ملک بھر میں موجود ہزاروں دینی مدارس نہ صرف قانون اور آئین کو تسلیم کرتے ہیں بلکہ تمام تر قانونی تقاضوں کے مطابق اشاعت دین میں مصروف عمل ہیں۔ لیکن اس کے باوجود حکومت مغرب اور اپنے مغربی آقاؤں کو خوش کرنے اور امریکہ کے ایجنڈے کو پورا کرنے کیلئے صرف مدارس کو نشانہ بنا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکومت دہشت گردی کا خاتمہ کرنے میں مخلص ہے تو بلا امتیاز اسکول، کالجز اور یونیورسٹیوں کے ہاسٹل کی بھی تلاشی لے۔

THE DAILY SARKAR ISLAMABAD

روزنامہ

سرکار

اسلام آباد

Reg.No1009

چیف ایڈیٹر
ملک صدیق اعوان

جلد 8 | ہفتہ 22 اگست 2015ء 06 ذیقعد 1436ھ 08 بھادوں 2070ب | شمارہ 9

حکومت اُردو کو رائج کرنے کیلئے اقدامات کرے، عبدالرحمٰن عزیز

چیف جسٹس جواد ایس خواجہ نے عہدے کا حلف اُردو میں اٹھا کر قوم کے دل جیت لئے

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمن عزیز اپنے بیان میں کہا کہ حکومت اُردو کو دفتری زبان کے طور پر رائج کرنے کیلئے فی الفور اقدامات کرے، جو کہ آئین کا تقاضا ہے 1973ء کا آئین جب بنایا گیا اس وقت اس میں واضح طور پر لکھا گیا تھا کہ آئندہ دس سالوں کے اندر اُردو کو تمام سرکاری دفاتر میں رائج کر دیا جائے گا یہ دفتری زبان ہو گی مگر ماضی اور حال کی مختلف حکومتوں نے اس آئینی شک کی واضح خلاف ورزی کرتی رہیں ہیں مگر اب اس کی کوئی گنجائش نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ چیف جسٹس جواد۔ ایس خواجہ نے اپنے عہدے کا حلف اُردو میں اٹھا کر پوری قوم کے دل جیت لئے ہیں، اب چیف جسٹس آف پاکستان ہر سطح پر اُردو زبان کو رائج کرنے کے احکامات جاری کریں

ABC Certified
اسلام آباد، کراچی، مانسہرہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

THE DAILY SARKAR ISLAMABAD

روزنامہ

سرکار

اسلام آباد

Reg.No1009

صفحات 8 قیمت 10 روپے

چیف ایڈیٹر
ملک صدیق اعوان

جلد 8 | پیر 07 ستمبر 2015ء 22 ذیقعد 1436ھ 24 بھادوں 2070ب | شمارہ 25

مدارس وطن کی نظریاتی سرحدوں کے محافظ ہیں، عبدالرحمٰن

موجودہ حالات میں جے یو آئی قوم کی صحیح رہنمائی کا فریضہ سرانجام دے رہی ہے

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) مدارس دینیہ وطن عزیز کی نظریاتی سرحدات کے محافظ ہیں موجودہ حالات میں جمعیت علماء اسلام قوم کی صحیح رہنمائی کا فریضہ سرانجام دے رہی ہے پاکستان اور اسلام کے تحفظ کے لئے دینی مدارس اور علماء کا کردار مثالی ہے ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمن عزیز نے میڈیا میں جاری اپنے بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ بھارت نے اگر جارحیت کا ارتکاب کیا تو مدارس کے لاکھوں طلباء و علماء اپنی فوج کے شانہ بشانہ وطن عزیز کے دفاع کے لئے میدان عمل میں ہوں گے دینی مدارس کا تعلق فرقہ واریت اور دہشت گردی سے جوڑنے والے ہی اس ملک کے اصل دشمن ہیں۔

THE DAILY SARKAR ISLAMABAD

روزنامہ

سرکار

اسلام آباد

Reg.No1009

صفحات 8 قیمت 10 روپے

چیف ایڈیٹر
ملک صدیق اعوان

جلد 8 | ہفتہ 10 اکتوبر 2015ء 25 ذوالحجہ 1436ھ 26 اسوج 2070ب | شمارہ 58

چیلنجز کا مقابلہ کیلئے امت مسلمہ کا متحد ہونا ناگزیر ہے، عبدالرحمٰن عزیز

جمعیت علماء اسلام ملک میں اسلامی نظام کے نفاذ کیلئے کوشاں ہے، اجلاس سے خطاب

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) جمعیت علماء اسلام ایک عالم گیر تحریک کا نام ہے جو جابر قوتوں کے خلاف سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑی ہے ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمٰن عزیز نے بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے منعقدہ ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ عمران خان اس ملک میں نئے پاکستان بنانے کی آڑ میں مادر پدر آزاد مغربی اور یہودی کلچر کے ایجنڈے کی تکمیل کیلئے پاکستان کی نوجوان نسل کو تباہ کر رہا ہے۔ میں قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کی دور اندیشی اور سیاسی بصیرت کو سلام پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے عمران خان کو یہودی ایجنٹ چار سال پہلے کہ دیا تھا جو پرویز رشید صاحب ثبوتوں ساتھ قوم کے سامنے لا چکے ہیں جمعیت علماء اسلام ملک میں اسلامی نظام کے نفاذ کے لئے کوشاں ہے۔

THE DAILY SARKAR ISLAMABAD

روزنامہ

سرکار

اسلام آباد

Reg.No1009

صفحات 8 قیمت 10 روپے

چیف ایڈیٹر
ملک صدیق اعوان

جلد 8 | منگل 20 اکتوبر 2015ء 06 محرم الحرام 1437ھ 06 کاتک 2070ب | شمارہ 68

محرم الحرام میں امن وامان کا قیام انتظامیہ کی ذمہ داری ہے، عبدالرحمٰن

حضرت عمر فاروقؓ نے عوام کو بلا تفریق بنیادی ضروریات کی فراہمی کو یقینی بنایا

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمن عزیز نے میڈیا میں جاری اپنے بیان میں کہا ہے کہ حضرت عمر فاروقؓ نے اپنے دور خلافت میں عوام کو بلاتفریق بنیادی ضروریات کی فراہمی کو یقینی بنایا اور نہ صرف انسانوں کی بھوک کے امور کا بندوبست کیا بلکہ حیوانات کی ضروریات کو بھی پورا کرنے کا سسٹم وضع کیا اور عدل وانصاف کا بہترین نظام قائم کیا ۔دور فاروقیؓ میں مسلم اور غیر مسلم عوام کو بہترین انصاف میسر تھا۔ عدل فاروقیؓ کے ضابطوں کو سامنے رکھ کر آج کے عدالتی نظام میں بنیادی اصلاحات لائی جائیں تاکہ عوام کو سستا اور معیاری انصاف مل سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ محرم الحرام میں امن وامان کا قیام انتظامیہ کی ذمہ داری ہے جمعیت علماء اسلام امن قائم رکھنے کے لئے انتظامیہ سے مکمل تعاون کرے گی

امام حسینؓ کا صبر واستقامت رہتی دنیا تک یاد رکھی جائے گی، عبدالرحمٰن عزیز

ہمارے ملک کے سرمایہ دارانہ سماج میں یزیدی قوتوں کا غلبہ ہے، سیمینار سے خطاب

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمٰن عزیز نے ایک ”شہادت سیمینار“ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جبر واستحصال کے خلاف حضرت امام حسینؓ کی جدوجہد اور صبر واستقامت رہتی دنیا تک یاد رکھی جائے گی شہید تبدیلی نظام کے لئے اپنی جان کی بازی لگاتا ہے۔ آج ہمارے ملک کے سرمایہ دارانہ سماج میں یزیدی قوتوں کا غلبہ ہے اس سے نجات حاصل کرنے کیلئے حضرت امام حسینؓ کے نقش قدم پر چلنا ہوگا میدان کربلا میں معتبر خواتین کا کردار ناقابل فراموش ہے واقع کربلا میں معزز خواتین نے جس صبر اور حوصلے کا مظاہرہ کیا ہماری آج کی خواتین کو وہ کردار اپنانا ہوگا۔ باطل قوتوں کے خلاف حضرت امام حسینؓ اور ان کے ساتھیوں کی

ABC Certified
اسلام آباد، کراچی، مانسہرہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار
THE DAILY SARKAR ISLAMABAD
روزنامہ سرکار اسلام آباد
Reg.No1009
صفحات 8 قیمت 11 روپے
چیف ایڈیٹر
ملک صدیق اعوان

حکومت بری طرح ناکام ہو چکی ہے، عبد الرحمٰن عزیز

بلند وبانگ دعوے کرنیوالے میاں برادران دعوؤں پر پورے نہیں اتر سکے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) حکومت عوام کو بنیادی ضروریات زندگی فراہم کرنے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے بلند وبانگ دعوے کرنے والے میاں برادران اپنے ہی دعووں میں دب چکے ہیں ان خیالا کا اظہار جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنماء عبدالرحمٰن عزیز نے اپنے بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ گیس اور بجلی کی انتہاء درجے کی لوڈشیڈنگ نے عوام کا جینا محال کر دیا ہے آج ملک میں آٹا ، دال، سبزی اور دیگر اشیاء ضرورت انتہائی مہنگی ہیں اور فحاشی وعریانی اور مغرب کی ننگی تہذیب پھیلانے والے آلات سستے داموں فروخت ہو رہے ہیں یہ اس بات کی دلیل ہے کہ ہمارا حکمران طبقہ مغرب کی تقلید میں اتنا آگے جا چکا ہے کہ مساجد اور مدارس جو کہ اسلام کی عظمت کے نشان ہیں اسے دہشت گردی کے اڈے نظر آرہے ہیں اور یہ سیکولر طبقہ اسلام اور دین اسلام کی تعلمات کو بھلا کر صرف اور صرف ڈالر کی دوڑ میں لگ چکا ہے یہ دوڑ قیامت تک ختم نہیں ہو سکتی پاکستان کے اندر سیکولر اور لاین طبقہ اپنی من مانیاں کرتا پھرے بلکہ اسلام کے عادلانہ نظام کے نفاذ کیلئے اپنی گردنیں کٹوا کر اس ملک کو بنایا تھا۔

CERTIFIED
Daily Recorder
Universal
Rawalpindi,Islamabad
روزنامہ
یونیورسل ریکارڈر
راولپنڈی
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر
محمد عارف شیخ
Ph:051-2250038 Fax:
جلد 9 | جمعرات 16 فروری 2017-18 جمادالثانی 1438 ہجری، صفحات 8 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 286

لاہور خود کش دھماکہ دہشتگردی کی بدترین مثال ہے، عبدالرحمٰن عزیز

حکومت کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ لاہور دہشتگردی کو جڑ سے اکھاڑ پھینکے

لاہور (سٹاف رپورٹر) جمعیت علماء اسلام کی ضلعی مجلس عمومی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جے یو آئی پنجاب کے رہنما عبدالرحمٰن عزیز نے کہا کہ لاہور مال روڈ پر خود کش دھماکہ دہشت گردی کی بدترین مثال ہے دہشت گردی ایک ناسور بن چکا ہے حکومت کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اس ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکے۔ دہشت گرد انسانیت کے دائرے سے بھی نکل گئے ہیں ۔ہم لیس فیکٹری واقعہ اور لاہور کی عبادت گاہ کی شہادت قومی نقصان ہے لہٰذا ان (باقی صفحہ پوزیشن نمبر 10)

عمران مغربی تہذیب کا فروغ چاہتے ہیں، عبدالرحمٰن عزیز

جمعیت علماء اسلام کی سیاست ختم کرنے کے دعویدار جلد خود ہی ختم ہو جائیں گے

جھنگ (اسٹاف رپورٹر) جمعیت علماء اسلام ضلع جھنگ کے ترجمان عبدالرحمٰن عزیز نے کہا ہے کہ عمران خان اور طاہر القادری پاکستان میں مغربی تہذیب کے فروغ اور یہودی ایجنڈے کی تکمیل کے لئے سرگرم ہیں۔ دونوں کو سیلاب اور دہشت گردی کا نشانہ بننے والے عوام سے کوئی غرض نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کو اخلاق سے گری زبان استعمال کرنے کے علاوہ کچھ نہیں آتا اور وہ اس ثقافت کے ذریعے اپنے مغربی آقاؤں کو خوش کر رہے ہیں۔ کرائے کے مظاہرین اکٹھے کر کے جمعیت علماء اسلام کی سیاست ختم کرنے کی باتیں کرنے والے بہت جلد خود ہی ختم ہو جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ آزادی اور انقلاب کی آڑ میں آئین معطل کرنے کے مطالبے کرنے والوں کو قادیانیوں کی آشیر باد حاصل ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ غیر آئینی اور غیر قانونی مطالبات کرنے والوں کے خلاف سخت سے سخت کارروائی کی جائے۔

DAILY DUNYA FAISALABAD www.dunya.com.pk

THURSDAY, SEPTEMBER 11, 2014

جلد نمبر 3 | جمعرات، 15 ذیقعد 1435ھ، 11 ستمبر 2014ء، 27 بھادوں 2071ب | شمارہ 251
فون نمبر: 041-111-177-777 فیکس نمبر 041-8501297 | صفحات 16 قیمت 12 روپے

قوم کو سول نافرمانی کی تحریک کیلئے اکسایا جارہا، عبدالرحمٰن

عمران اور قادری یہودیوں کی ایماء پر ملک توڑنے کے مشن کی تکمیل کررہے ہیں

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) اسلام آباد میں لگائے گئے اوپن ایئر تھیٹر تہذیبی اور مہذب پاکستان کے لفظوں میں تھپی مغرب کی ننگی تہذیب کو اسلامی ملک کی غیور اور باغیرت عوام نے مسترد کردیا ہے اور اب اپنی ناکامی کو چھپانے کیلئے مختلف شہروں میں جھوٹ بول کر قوم کو سول نافرمانی کی تحریک کیلئے اکسایا جارہا ہے جبکہ یہ خود سول نافرمانی کی تحریک کی مخالفت کرتے ہوئے عمران خان اور شاہ محمود قریشی و دیگر رہنماء اپنے بل بکلی ادا کرچکے ہیں ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنماء عبدالرحمن عزیز نے میڈیا میں جاری اپنے بیان میں کیا انہوں نے مزید کہا کہ جس نصاب تعلیم کا واویلہ وہ اپنے دھرنوں میں کرتے ہوئے نظر آرہے ہیں وہ نصاب تعلیم یہودیوں اور قادیانیوں کا ترتیب دیا ہوا ہے جو کہ غیور پختون خواہ میں زبردستی لگانے کی کوشش کی جارہی تھے اس کے خلاف صوبے کی عوام آج بھی سراپا احتجاج ہے جمعیت علماء اسلام کی قیادت نے دو سال پہلے یہودیوں کے اس پاکستان دشمن منصوبے کی نشان دہی کی تھی اور خبردار کیا تھا

سیلاب کی تباہ کاریوں کا جشن منانے والے ملک سے مخلص نہیں، عبدالرحمٰن

جھنگ (پ ر) جمعیت علماء اسلام جھنگ کے ترجمان عبدالرحمٰن عزیز نے کہا ہے کہ سیاست کا بنیادی اصول سیاسی مخالفت ہے لیکن سیلاب کی تباہ کاریوں کا جشن منانے والے ملک و قوم سے مخلص نہیں ہیں۔ عمران خان کو اپنی کرسی کے سوا کچھ عزیز نہیں ہونا چاہئے۔

DAILY DUNYA FAISALABAD www.dunya.com.pk

ایڈیٹر انچیف
میاں عامر محمود

روزنامہ دنیا
فیصل آباد

FRIDAY, OCTOBER 3, 2014

جلد نمبر 3 | قصہ المبارک، 7 ذی الحجہ 1435ھ، 3 اکتوبر 2014ء، 19 اسوج 2071ب | شمارہ 273

فون نمبر: 041-111-177-777 فیکس نمبر 041-8501297 | صفحات 16 قیمت 12 روپے

لادین طبقہ نظام تعلیم کو سیکولر بنانا چاہتا ہے، عبدالرحمٰن عزیز

مغرب زدہ سوچ کی یلغار کو روکنے کیلئے قوم متحد ہو جائے، تربیتی ورکشاپ سے خطاب

جھنگ (نامہ نگار) لادین طبقہ ہمارے نظام تعلیم کو سیکولر اور مغرب زدہ بنانے کی کوشش کر رہا ہے، مغرب اور سیکولر ازم کی اس یلغار کو روکنے کیلئے پوری قوم کو متحد ہو کر ان لادین عناصر کا مقابلہ کرنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام ضلع جھنگ کے ترجمان عبدالرحمٰن عزیز نے جمعیت علماء اسلام کی تربیتی ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ آج پاکستان کی ابتر صورتحال کا واحد حل قرآن کریم کا نفاذ ہے جب تک قرآنی نظام لاگو نہیں ہوگا تب تک ملک و قوم بداعتمادی سمیت ہر طرف سے مسائل و مشکلات کا شکار رہیں گے۔ دنیا میں آج مسلمان جن مصائب کا شکار ہیں اس کا سبب امت مسلمہ میں مسلمانوں کی قرآن و سنت سے دوگردانی ہے، اگر آج بھی ہر مومن قرآن و سنت پر پوری طرح عمل کرے تو ان کے حالات بدل سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک لکیر پے کے تحت معرض وجود میں آیا تھا مگر بدقسمتی سے آج تک یہاں ایک سازش کے تحت قرآنی نظام نافذ نہ ہو سکا اس لئے حکمرانوں کو چاہئے کہ وہ ملک میں قرآن و سنت کے نظام کو لاگو کریں تاکہ ملک امن و خوشحالی کا گہوارہ بن سکے۔

ڈی پی او جھنگ نے سیلاب متاثرین کی بھرپور مدد کی، عوامی و سماجی حلقے

جھنگ (اسٹرکٹ رپورٹر) عوامی و سماجی حلقوں نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں ڈی پی او جھنگ اور محکمے کی کارکردگی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ حالیہ بدترین سیلاب میں عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے ڈی پی او جھنگ ایجوکیشن اسٹرائیکس (پی) کے اتحادی صدر انسپکٹر حبیب اللہ قریشی اور محکمے نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور سیلاب میں گھرے لوگوں کی بھرپور مدد کی جس پر ہم انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

عکمران اسلام کے نقاد کیلئے

اپنی ذمہ داری نبھائیں، عبدالرحمن

DAILY DUNYA ISLAMABAD www.dunya.com.pk

ایڈیٹر انچیف
میاں عامر محمود

روزنامہ
دنیا
اسلام آباد

جلد نمبر 20 | منگل 14 ربیع الاول 1436ھ 6 جنوری 2015ء 24 پوہ 2071ب | شمارہ نمبر 304

ٹیلی فون نمبر: 051-2891802 فیکس نمبر 051-2891814 | صفحات 16 قیمت 12 روپے

حکمران اسلام کے نفاذ کیلئے اپنی ذمہ داری نبھائیں، عبدالرحمن

راولپنڈی (خصوصی نامہ نگار) انجمن قرآن وسنت کے خلاف قوانین ختم کرنے اور اسلام کے نفاذ کیلئے اپنی ذمہ داری کا احساس کریں پوری قوم نبی اکرم کے اسوہ حسنہ کی پیروی کر کے ملک کو امن وخوشحالی کا گہوارہ بنانے کا عہد کرے۔ ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمن عزیز نے سیرت سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو عدم استحکام کا شکار کرنے والی سازشوں کا مقابلہ اللہ کے آخری نبی کے اتحاد امت کے پیغام سے ہی کیا جا سکتا ہے۔

حکمران قرآن وسنت کے منافی قوانین ختم کریں، عبدالرحمٰن عزیز

جھنگ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) جمعیت علماء اسلام جھنگ کے ضلعی ترجمان عبدالرحمٰن عزیز نے کہا ہے کہ حکمران قرآن وسنت کے خلاف قوانین ختم کرنے اور اسلام کے نفاذ کیلئے اپنی ذمہ داری کا احساس کریں جبکہ قوم نبی اکرم ﷺ کے اسوہ حسنہ کی پیروی کر کے ملک کو امن وخوش حالی کا گہوارہ بنانے کا عہد کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو عدم استحکام کا شکار کرنے والی سازشوں کا مقابلہ اللہ کے آخری نبی ﷺ کے پیغام سے ہی کیا جاسکتا ہے، آپ ﷺ جو پیغام لے کر آئے وہ قیامت تک ہر مسئلے کا حل پیش کرتا رہے گا۔

مدارس پر چڑھائی کی اجازت نہیں دیں گے، عبدالرحمٰن عزیز

حکومت دہشت گردی کا بہانہ بنا کر مذہبی طبقے کو بدنام کرنے کی کوشش کر رہی ہے

جھنگ (اسٹرکٹ رپورٹر) جمعیت علماء اسلام (ف) کے ضلعی ترجمان عبدالرحمٰن عزیز نے کہا ہے کہ پاکستان میں دہشتگردیوں کا گھناؤنا کھیل ہے، مغرب اسلام کے نام پر حاصل کیے جانے والے ملک میں فحاشی اور عریانی

نیشنل لیبر فیڈریشن ٹوبہ ٹیک سنگھ کا اجلاس کل منعقد ہوگا

ٹوبہ ٹیک سنگھ (اسٹرکٹ رپورٹر) نیشنل لیبر فیڈریشن ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کا اجلاس کل (بدھ) دن ساڑھے دس بجے ٹی ایم اے کے جناح ہال میں منعقد ہوگا جس کی صدارت فیڈریشن کے ڈویژنل چیئرمین چوہدری یوسف کریں گے۔ اجلاس میں ایسوسی ایٹ کے عہدیداران

پھیلانے کے درپے ہے جبکہ دینی مدارس اس کے راستے کی سب سے بڑی رکاوٹ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سانحہ پشاور کی تاریخ کا بدترین واقعہ ہے جس نے پوری قوم کو خون کے آنسو رلا دیا لیکن اس سانحے کی آڑ میں دینی مدارس پر چڑھائی کی اجازت نہیں دی جائے گی، حکومت سانحہ پشاور اور دہشت گردی کا بہانہ بنا کر مدارس اور مذہبی طبقے کو بدنام کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ پوری دنیا میں اسلامی تشخص کو مسخ کرنے کے منصوبے پر کام کر رہا ہے جبکہ عالم اسلام خاموش تماشائی بن کر اس ناپاک سازش میں اس کا ساتھ دے رہا ہے، جمعیت علماء اسلام ملک میں مغرب کے عزائم کبھی کامیاب نہیں ہونے دے گی۔

DAILY DUNYA FAISALABAD
www.dunya.com.pk
ایڈیٹر انچیف
میاں عامر محمود
روزنامہ
دنیا
فیصل آباد
ہفتہ 3 ربیع الثانی 1436ھ 24 جنوری 2015ء 12 ماگھ 2071ب
شمارہ 23
جلد نمبر 4
فون نمبر: 041-111-177-777 فیکس نمبر 041-8501297
صفحات 16 قیمت 12 روپے

ملک میں پٹرول بحران کا مکمل خاتمہ کیا جائے، عبدالرحمٰن عزیز

وزارت پٹرولیم اور وزارت خزانہ کے متضاد بیانات حیران کن ہیں، صحافیوں سے گفتگو

جھنگ (نامہ نگار) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے ضلعی ترجمان عبدالرحمٰن عزیز نے کہا ہے کہ ملک میں پٹرل کے بحران کا مکمل خاتمہ کیا جائے، وزارت پٹرولیم اور وزارت خزانہ کے متضاد بیانات حیران کن ہیں، عوام صفائیاں نہیں پٹرول مانگتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ عبدالرحمٰن عزیز نے کہا کہ حکومت عوام کی تکلیف کا احساس کرے، بجلی اور گیس کے بحران ابھی ختم نہیں ہوئے کہ پٹرول کے بحران نے عوام کو مزید پریشان کر دیا ہے، حکومت عوام کو ریلیف کے بجائے مسلسل تکلیف دینے میں مصروف ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزارت پٹرولیم اور وزارت خزانہ کے متضاد بیانات سے پتہ چلتا ہے کہ وزراء کے درمیان ہم آہنگی کا فقدان ہے، مسلم لیگ ن کی حکومت کی کارکردگی بھی سابق حکومتوں سے مختلف نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی منڈی میں تیل اہمیت کھو رہا ہے جبکہ پاکستان میں عوام اس کیلئے لمبی لمبی قطاروں میں کھڑے ہیں۔

ملک میں پٹرول بحران کا مکمل خاتمہ کیا جائے، عبدالرحمٰن عزیز

وزارت پٹرولیم اور وزارت خزانہ کے متضاد بیانات حیران کن ہیں، صحافیوں سے گفتگو

جھنگ (نامہ نگار) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے ضلعی ترجمان عبدالرحمٰن عزیز نے کہا ہے کہ ملک میں پٹرل کے بحران کا مکمل خاتمہ کیا جائے، وزارت پٹرولیم اور وزارت خزانہ کے متضاد بیانات حیران کن ہیں، عوام صفائیاں نہیں پٹرول مانگتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ عبدالرحمٰن عزیز نے کہا کہ حکومت عوام کی تکلیف کا احساس کرے، بجلی اور گیس کے بحران ابھی ختم نہیں ہوئے کہ پٹرول کے بحران نے عوام کو مزید پریشان کر دیا ہے، حکومت عوام کو ریلیف کے بجائے مسلسل تکلیف دینے میں مصروف ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزارت پٹرولیم اور وزارت خزانہ کے متضاد بیانات سے پتہ چلتا ہے کہ وزراء کے درمیان ہم آہنگی کا فقدان ہے، مسلم لیگ ن کی حکومت کی کارکردگی بھی سابق حکومتوں سے مختلف نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی منڈی میں تیل اہمیت کھو رہا ہے جبکہ پاکستان میں عوام اس کیلئے لمبی لمبی قطاروں میں کھڑے ہیں۔

ایم کیوایم سامراجی قوتوں کا پالتو گروہ ہے: عبدالرحمٰن

بی بی سی کی رپورٹ حکومت وقومی سلامتی کے اداروں کیلئے چیلنج ہے، رہنما جے یو آئی

گوجرانوالہ (نیوز رپورٹر) جمعیت علماء اسلام کے رہنما عبدالرحمٰن عزیز نے کہا ہے کہ بی بی سی کی ایم کیوایم کے متعلق رپورٹ حکومت وقومی سلامتی کے اداروں کیلئے چیلنج ہے اور یہ معاملہ ایگزیٹ سیکنڈل سے سوگنا بڑا ہے۔ ایم کیوایم کے را کے ساتھ روابط اب کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں، حکومت ملکی سلامتی کے اس اہم ترین مسئلے کو فی الفور سنجیدگی سے لے اور ذمہ داروں کے خلاف موثر کارروائی عمل میں لائے۔ ایم کیوایم کوئی سیاسی جماعت نہیں ہے بلکہ انٹرنیشنل ایجنسیوں اور سامراجی قوتوں کا ایک پالتو گروہ ہے جس نے کراچی کے امن ومعیشت کو تباہ کر دیا ہے۔

ایم کیوایم سامراجی قوتوں کا پالتو گروہ ہے: عبدالرحمٰن

بی بی سی کی رپورٹ حکومت وقومی سلامتی کے اداروں کیلئے چیلنج ہے، رہنما جے یو آئی

گوجرانوالہ (نیوز رپورٹر) جمعیت علماء اسلام کے رہنما عبدالرحمٰن عزیز نے کہا ہے کہ بی بی سی کی ایم کیوایم کے متعلق رپورٹ حکومت وقومی سلامتی کے اداروں کیلئے چیلنج ہے اور یہ معاملہ ایگزیٹ سیکنڈل سے سوگنا بڑا ہے۔ ایم کیوایم کے را کے ساتھ روابط اب کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں، حکومت ملکی سلامتی کے اس اہم ترین مسئلے کو فی الفور سنجیدگی سے لے اور ذمہ داروں کے خلاف موثر کارروائی عمل میں لائے۔ ایم کیوایم کوئی سیاسی جماعت نہیں ہے بلکہ انٹرنیشنل ایجنسیوں اور سامراجی قوتوں کا ایک پالتو گروہ ہے جس نے کراچی کے امن ومعیشت کو تباہ کر دیا ہے۔

DAILY DUNYA GUJRANWALA www.dunya.com.pk

بانی ایڈیٹر انچیف

میاں عامر محمود

روزنامہ

دنیا

گوجرانوالہ

جلد نمبر 3 | فون نمبر 055-3736934-6 فیکس نمبر 0553823554 | صفحات 16 قیمت 12 روپے

ہفتہ 23 رمضان المبارک 1436ھ 11 جولائی 2015ء 27 ہاڑ 2072ب | شمارہ 357

رینجرز کے اختیارات میں ایک سال توسیع کی جائے: عبدالرحمٰن

نیب سفید ہاتھی ہے، اشرافیہ کو تحفظ دینا بند اور پری بارگیننگ کا نسخہ ختم کیا جائے

گوجرانوالہ (نیوز رپورٹر) جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمٰن عزیز نے کہا ہے کہ کراچی میں رینجرز کے اختیارات میں کم از کم ایک سال کی توسیع ہونی چاہئے کیونکہ رینجرز نے گزشتہ مہینوں میں کراچی میں امن وامان، ٹارگٹ کلنگ، بھتہ خوری، قبضہ مافیا اور ''را'' کے ایجنٹوں کے حوالہ سے موثر اور بنیادی کردار ادا کیا ہے۔ کراچی میں حکومت وسول انتظامیہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں پوری کرنے میں ناکام رہی ہے۔ رینجرز کا کراچی آپریشن کا تسلسل ناگزیر ہے۔ کراچی کی عدالتوں کو بلا خوف وخطر فیصلے کرنے چاہیں۔ انہوں نے کہا کہ نیب کا ادارہ سفید ہاتھی بن چکا ہے اس کی اوور ہالنگ کی از حد ضرورت ہے، نیب طبقہ اشرافیہ کو تحفظ دینا بند کرے، نیب کا پری بارگیننگ نسخہ ختم ہونا چاہئے۔

E-mail:ausaf@dsl.net.pk
اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار
http://www.dailyausaf.com
روزنامہ
اسلام آباد
DAILY
AUSAF
ISLAMABAD
اوصاف
چیف ایڈیٹر: مہتاب خان
جلد: 18
شمارہ: 80

جے یو آئی دہشتگردی کی ہر شکل کے خلاف ہے، عبدالرحمٰن عزیز

دہشت گردانہ کارروائیاں کرنے والے کسی بھی رعایت کے قطعاً مستحق نہیں

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمٰن عزیز نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علماء اسلام دہشت گردی کی ہر شکل کے خلاف ہے، ملک میں دہشت گردانہ کارروائیاں کرنے والے کسی بھی رعایت کے قطعاً مستحق نہیں۔ جے یو آئی عالمی سامراجی قوتوں کا ایجنڈا پورا نہیں ہونے دے گی۔ تمام سیاسی اور مذہبی قوتوں کو متحد ہوکر عالمی سامراج کا مقابلہ کرنا ہوگا انہوں نے کہا کہ 7,8,9 اپریل کو جے یو آئی کے زیر اہتمام پشاور میں منعقد ہونے والا عالمی اجتماع ملکی سیاست میں سنگ میل ثابت ہوگا پوری دنیا سے لوگ اجتماع میں شرکت کریں گے انہوں نے کہا کہ ہمیں فخر ہے کہ کسی پانامہ لیکس، این آر او اور قرضہ خوری میں جے یو آئی کے کسی رکن پارلیمنٹ کا نام نہیں ہے سیول وفوجی بیوروکریٹس وسیاست دانوں سب کا بے لاگ احتساب ہونا چاہیئے 2018ء کے انتخاب میں جے یو آئی پنجاب میں بڑی سیاسی قوت بن کر ابھرے گی عوام دوست اور دشمن کی پہچان کرے

جے یو آئی دہشتگردی کی ہر شکل کے خلاف ہے، عبدالرحمٰن عزیز

دہشت گردانہ کارروائیاں کرنے والے کسی بھی رعایت کے قطعاً مستحق نہیں

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمٰن عزیز نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علماء اسلام دہشت گردی کی ہر شکل کے خلاف ہے، ملک میں دہشت گردانہ کارروائیاں کرنے والے کسی بھی رعایت کے قطعاً مستحق نہیں۔ جے یو آئی عالمی سامراجی قوتوں کا ایجنڈا پورا نہیں ہونے دے گی۔ تمام سیاسی اور مذہبی قوتوں کو متحد ہوکر عالمی سامراج کا مقابلہ کرنا ہوگا انہوں نے کہا کہ 7,8,9 اپریل کو جے یو آئی کے زیر اہتمام پشاور میں منعقد ہونے والا عالمی اجتماع ملکی سیاست میں سنگ میل ثابت ہوگا پوری دنیا سے لوگ اجتماع میں شرکت کریں گے انہوں نے کہا کہ ہمیں فخر ہے کہ کسی پانامہ لیکس، این آر او اور قرضہ خوری میں جے یو آئی کے کسی رکن پارلیمنٹ کا نام نہیں ہے سیول وفوجی بیوروکریٹس وسیاست دانوں سب کا بے لاگ احتساب ہونا چاہیئے 2018ء کے انتخاب میں جے یو آئی پنجاب میں بڑی سیاسی قوت بن کر ابھرے گی عوام دوست اور دشمن کی پہچان کرے

E-mail:ausaf@dsl.net.pk
اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار
http://www.dailyausaf.com
روزنامہ
اوصاف
اسلام آباد
DAILY
AUSAF
ISLAMABAD
چیف ایڈیٹر: مہتاب خان
ایڈیٹر: محسن بلال خان
جلد: 18 | پنجشنبہ 16 شعبان المعظم 1438ھ 13 مئی 2017ء، 27 ویساکھ 2074ب، صفحات 16 قیمت 13 روپے | شمارہ: 153

مولانا عبدالغفور حیدری کے قافلے پر حملہ قابل مذمت ہے، عبدالرحمٰن عزیز

جے یو آئی ملک میں آئین وقانون کی بالادستی کیلئے اپنا سفر جاری رکھے گی

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمٰن عزیز نے کہا کہ مستونگ میں ڈپٹی چیئرمین سینٹ مولانا عبدالغفور حیدری کے قافلے پر بزدلانہ حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ انتہائی ظالمانہ اور بزدلانہ کاروائی ہے۔ مگر جے یو آئی کے کارکنان کے حوصلے پست نہیں کئے جاسکتے جمعیت ملک میں آئین وقانون کی بالادستی اور امن کے فروغ کیلئے اپنا سفر جاری رکھے گی۔ حکومت شہداء اور زخمیوں کیلئے مناسب معاوضے کا اعلان کرے، اور بلوچستان حکومت معلوم کرے کہ اس واقع میں کہاں کہاں سیکیورٹی لیپس ہوئے ہیں جمعیت علماء اسلام کے کارکنان اپنے حوصلے بلند رکھیں انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان دشمن قوتوں کو پاکستان کی ترقی اور سی پیک منصوبہ ہضم نہیں ہورہا اس لئے پاکستان میں دہشتگردی کے واقعات کروائے جارہے ہیں۔

مولانا عبدالغفور حیدری کے قافلے پر حملہ قابل مذمت ہے، عبدالرحمٰن عزیز

جے یو آئی ملک میں آئین وقانون کی بالادستی کیلئے اپنا سفر جاری رکھے گی

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمٰن عزیز نے کہا کہ مستونگ میں ڈپٹی چیئرمین سینٹ مولانا عبدالغفور حیدری کے قافلے پر بزدلانہ حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ انتہائی ظالمانہ اور بزدلانہ کاروائی ہے۔ مگر جے یو آئی کے کارکنان کے حوصلے پست نہیں کئے جاسکتے جمعیت ملک میں آئین وقانون کی بالادستی اور امن کے فروغ کیلئے اپنا سفر جاری رکھے گی۔ حکومت شہداء اور زخمیوں کیلئے مناسب معاوضے کا اعلان کرے، اور بلوچستان حکومت معلوم کرے کہ اس واقع میں کہاں کہاں سیکیورٹی لیپس ہوئے ہیں جمعیت علماء اسلام کے کارکنان اپنے حوصلے بلند رکھیں انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان دشمن قوتوں کو پاکستان کی ترقی اور سی پیک منصوبہ ہضم نہیں ہورہا اس لئے پاکستان میں دہشتگردی کے واقعات کروائے جارہے ہیں۔

مولانا عبدالغفور حیدری کے قافلے پر حملہ قابل مذمت ہے، عبدالرحمٰن عزیز

جے یو آئی ملک میں آئین وقانون کی بالادستی کیلئے اپنا سفر جاری رکھے گی

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمن عزیز نے کہا کہ مستونگ میں اپنی ڈیزیز مین ہیٹ مولانا عبدالغفور حیدری کے قافلے پر بزدلانہ حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ انتہائی ظالمانہ اور بزدلانہ کاروائی ہے۔ مگر جے یو آئی کے کارکنان کے حوصلے پست نہیں کئے جا سکتے جمعیت ملک میں آئین وقانون کی بالادستی اور امن کے فروغ کیلئے اپنا سفر جاری رکھے گی۔ حکومت شہداء اور زخمیوں کیلئے مناسب معاوضے کا اعلان کرے، اور بلوچستان حکومت معلوم کرے کہ اس واقع میں کہاں کہاں سیکیورٹی لیپس ہوئے ہیں جمعیت علماء اسلام کے کارکنان اپنے حوصلے بلند رکھیں انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان دشمن قوتوں کو پاکستان کی ترقی اور ہی یک منصوبہ ہضم نہیں ہو رہا اس لئے پاکستان میں دہشتگردی کے واقعات کروائے جا رہے ہیں۔

پاکستان پوسٹ اور محکمہ پاسپورٹ کے درمیان معاہدہ

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) پاکستان پوسٹ اور محکمہ پاسپورٹ کے درمیان ایک معاہدے پر دستخط ہوئے ہیں جسکے تحت نئے جاری ہونے والے پاسپورٹس کی ملک بھر میں ترسیل پاکستان پوسٹ کے ذریعے ہوگی۔ اس سلسلے میں منعقدہ تقریب میں محکمہ پاسپورٹ کی جانب سے پراجیکٹ کوارڈینیٹر مظہر یٰسین خواہ اور پاکستان پوسٹ کی جانب سے ڈپٹی پوسٹماسٹر جنرل سمیع اللہ خان نے دستخط کئے

مولانا عبدالغفور حیدری کے قافلے پر حملہ قابل مذمت ہے، عبدالرحمٰن عزیز

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمٰن عزیز نے کہا کہ مستونگ میں ڈپٹی چیئرمین سینٹ مولانا عبدالغفور حیدری کے قافلے پر بزدلانہ حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ انتہائی ظالمانہ اور بزدلانہ کاروائی ہے۔ مگر جے یو آئی کے کارکنان کے حوصلے پست نہیں کئے جاسکتے جمعیت ملک میں آئین وقانون کی بالادستی اور امن کے فروغ کیلئے اپنا سفر جاری رکھے گی۔ حکومت شہداء اور زخمیوں کیلئے مناسب معاوضے کا اعلان کرے ،اور بلوچستان حکومت معلوم کرے کہ اس واقع میں کہاں کہاں سکیورٹی لیپس ہوئے ہیں جمعیت علماء اسلام کے کارکنان اپنے حوصلے بلند رکھیں انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان دشمن قوتوں کو پاکستان کی ترقی اور سی پیک منصوبہ ہضم نہیں ہورہا اس لئے پاکستان میں دہشتگردی کے واقعات کروائے جارہے ہیں۔ پاک فوج کی قربانیوں اور کاوشوں سے بلوچستان سمیت پورے ملک میں امن قائم ہوگا اور بہت جلد بھارتی وامریکی ایجنٹوں کا ملک سے مکمل خاتمہ ہوجائے گا۔

چیف ایڈیٹر: ضیا شاہد

Daily
KHABRAIN

روزنامہ خبریں

اسلام آباد
راولپنڈی

ایڈیٹر: امتنان شاہد

منگل 23 جمادی الاوّل 1438ھ 21 فروری 2017ء

ختم نبوت امت مسلمہ کا اساسی عقیدہ ہے، عبدالرحمٰن عزیز

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) ختم نبوت امت مسلمہ کا اساسی عقیدہ ہے، قومی اسمبلی پاکستان نے اس بنیادی عقیدہ سے متصادم عقیدہ رکھنے والوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا تھا مگر قادیانی گروہ نے کبھی اپنے آپ کو غیر مسلم تسلیم نہیں کیا جو کہ کھلی آئینی بغاوت ہے ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمٰن عزیز نے عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام پروگرام میں کیا انہوں نے کہا کہ قادیانیوں نے پنجاب کچہری میں اپنی عدالتیں قائم کر رکھی ہیں۔ آئین کی رو سے قادیانی خود کو مسلمان قرار نہیں دے سکتے۔

☆☆☆ جڑواں شہروں سے شائع ہونے والا پہلا مکمل مقامی اخبار ☆☆☆

روزنامہ

میٹرو واچ

راولپنڈی/ اسلام آباد

ایڈیٹر
زاہد فاروق ملک

فیکس 051-2814324 | اتوار یکم مارچ 2015ء 9 جمادی الاول 1436ھ 15 پھاگن 2070ب | صفحات 8 قیمت

روزنامہ میٹرو واچ

اسلامی نظام کے احیاء کی جدوجہد جاری رکھیں گے، عبدالرحمٰن عزیز

مغرب این جی اوز کی آڑ میں مخصوص مادر پدر آزاد معاشرت مسلط کرنا چاہتا ہے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) اکابر علماء نے تحریک آزادی میں اپنی جانیں لٹائی تھیں لیکن بدقسمتی سے اسلامی مملکت حاصل ہونے کے باوجود اس میں انگریزی سامراج کے اثرات ختم نہ ہو سکے ہمیں اسلامی نظام کیلئے جمعیت کا ساتھ دینا ہوگا۔ انسان کو اللہ تعالیٰ نے اس دنیا میں عظیم مقصد کیلئے پیدا کیا ہے اس مقصد کو حاصل کرنا ہر انسان پر فرض ہے۔ اس دنیا میں خلافت قدس کے احکامات اور رسول اللہ ﷺ کے طریقے پر چلنا ہی اصل زندگی ہے لیکن ہم نے اس مقصد کو بھلا دیا ہے اس وجہ سے پوری دنیا میں مسلمان کمزور ہو چکے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمٰن عزیز نے ایک تربیتی مدرسہ کتاب میں کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ جب بھی اسلام دشمن قوتوں نے مغرب کی تہذیب لانے کیلئے سازشیں کی تو جمعیت علماء اسلام کے اکابرین اور کارکنوں نے ان کا ڈٹ کر مقابلہ کیا اور آج ایک بار پھر وہی عناصر ہمارے اور مساجد کے خلاف سازشیں کرنے میں مصروف ہیں اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کو سیکولر ثابت کرنے کیلئے اپنی توانائیاں صرف کر رہے ہیں۔ مغرب این جی اوز کی آڑ میں پاکستان پر اپنی مخصوص مادر پدر آزاد معاشرت مسلط کرنا چاہتا ہے۔ جمعیت علماء اسلام ان کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا کر عبدالرحمٰن عزیز پاکستان میں اسلامی نظام کے احیاء کی جدوجہد جاری رکھے گی۔

نصب العین کا ایک نقطہ بھی قیامت تک تبدیل نہیں ہو سکتا، عبدالرحمٰن عزیز

مدارس کے خلاف مغرب اور اس کے ایجنٹوں کے ناپاک عزائم کبھی کامیاب نہیں ہو سکتے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) جمعیت علماء اسلام اور قائدین جمعیت کے خلاف بے ہودہ زبان استعمال کرنے والے یہود و نصاریٰ کے ایجنٹ ہیں یہ سب اپنے آقاؤں کو خوش کرنے کیلئے مکروہ پروپیگنڈہ کر رہے ہیں کیونکہ جمعیت ہی ان کے اور انکے آقاؤں کے مکروہ عزائم کے خلاف سد سکندری کا کر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 23)

عبدالرحمن عزیز

وابستہ کرنا ہے۔ ان خیالات کا اظہار جمعیت علما اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمن عزیز نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام کی سیاست کو کسی تعارف کی ضرورت ہے نہ کسی منشور کی اور خلفائے راشدین کا طرز سیاست اور طرز حکمرانی ہی ہمارے لئے حجت ہے انہوں نے کہا کہ آج وہ جماعت جو چار ماہ تک کنٹینر پر کھڑے ہو کر پارلیمنٹ کے تقدس کو پامال کرتی رہی اور ممبران پارلیمنٹ کے خلاف ہرزہ زبان استعمال کرنے والے آج ہی پارلیمنٹ اور انہی ممبران کے ساتھ بیٹھنے کیلئے بہانے تلاش کر رہے ہیں۔

ادویات قیمتوں میں اضافہ ظلم پر مبنی اقدام ہے، عبدالرحمٰن عزیز

بڑھتی ہوئی قیمتوں کے خلاف کسی بھی فورم پر کوئی موثر آواز نہیں اٹھائی جارہی

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) سبزیوں اور آٹے کی مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا جھانسہ دے کر حکومت نے انسانی جان بچانے والی ادویات کی قیمتوں میں بے پناہ اضافہ کر کے عوام پر شب خون مارا ہے ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنماء عبدالرحمن عزیز اور محمد ابوبکر صدیق نے میڈیا میں جاری اپنے بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ انسانی جان بچانے والی ادویات کی قیمتوں میں آئے روز (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 13)

عبدالرحمٰن مومند

انسداد پولیو مہم ہر سال اپریل میں چلائی جاتی ہے

جڑواں شہروں سے شائع ہونے والا پہلا مکمل مقامی اخبار

راولپنڈی، اسلام آباد

روزنامہ

میٹرو ویو

ایڈیٹر

زاہد فاروق ملک

جلد 4 | بدھ 18 مارچ 2015ء 26 جمادی الاول 1436ھ 3 چیت 2070ب | شمارہ 180

ملک دشمن عناصر کے عزائم سے بخوبی واقف ہیں، عبدالرحمٰن عزیز

ملک دشمن عناصر کراچی میں ہونے والے ایم کیو ایم کے خلاف اپریشن کو دبانا چاہتے ہیں

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) سانحہ یوحنا آباد جیسے حالات پیدا کر کے ملک دشمن عناصر کراچی میں ہونے والے ایم کیو ایم کے خلاف اپریشن کو دبانا چاہتے ہیں لیکن ہمارے قانون نافذ کرنے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 27)

جڑواں شہروں سے شائع ہونے والا پہلا مکمل مقامی اخبار

روزنامہ

میٹرو ویو

راولپنڈی، اسلام آباد

ایڈیٹر
زاہد فاروق ملک

جلد 4 | جمعۃ المبارک 20 مارچ 2015ء 28 جمادی الاول 1436ھ 5 چیت 2070ب | شمارہ 182

سانحہ یوحنا آباد میں بھارت کے ملوث ہونے کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، عبدالرحمٰن عزیز

عیسائیوں کی عبادت گاہوں کی مکمل حفاظت کیلئے حکومت پنجاب موثر اقدامات کرے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) سانحہ یوحنا آباد میں بھارت کے ملوث ہونے کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا عیسائیوں کی عبادت گاہوں کی مکمل حفاظت کیلئے حکومت پنجاب موثر اقدامات (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 3)

بقیہ 3 عبدالرحمٰن عزیز

کرے اور اس سانحہ میں دو آدمیوں کو زندہ جلانے والے درندہ صفت افراد کو گرفتار کر کے عبرت ناک سزا دی جائے ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمٰن عزیز نے میڈیا میں جاری بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ رینجر کو دھمکیاں دینے کے الزام میں الطاف حسین پر مقدمہ خوش آئند بات ہے اور حکومت سندھ مرزا کے بیان کی روشنی میں مزید تحقیقات کر کے ملزموں کو پکڑے سندھ حکومت کراچی میں رینجر کے ساتھ مکمل تعاون کرے اور ایم کیو ایم کے دہشت گردوں کے بارے میں نرم گوشہ ختم کرے

جڑواں شہروں سے شائع ہونے والا پہلا مکمل مقامی اخبار

راولپنڈی / اسلام آباد

روزنامہ

میٹرو واچ

ناشر

زاہد فاروق ملک

جلد 4 | بمطابق پیر 11.2015 | ربیع الثانی 1436 | 16 بیساکھ 2070 ب | شمارہ 223

ملک میں مزدوروں کی محنت کا استحصال کیا جا رہا ہے، عبدالرحمٰن عزیز

مختلف سماجی تنظیموں، مزدوروں کی کم از کم تنخواہ تیس ہزار روپے مقرر کی جائے

جڑواں شہروں سے شائع ہونے والا پہلا مکمل مقامی اخبار

راولپنڈی/اسلام آباد

روزنامہ

میٹرو ویو

ایڈیٹر

زاہد فاروق ملک

جلد 4 | بدھ 29 اپریل 2015ء 9 رجب المرجب 1436ھ 14 بیساکھ 2070ب | شمارہ 221

نیا صوبہ بنانے کا مطالبہ بے وقت کی راگنی ہے، عبدالرحمٰن عزیز

ایم کیو ایم متحدہ قومی موومنٹ سے دوبارہ مہاجر قومی موومنٹ کی طرف لوٹ رہی ہے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما عبدالرحمٰن عزیز نے میڈیا میں جاری بیان میں کہا کہ ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کا سندھ میں نیا صوبہ بنانے کا مطالبہ بے وقت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 31)

بقیہ 31 — عبدالرحمٰن عزیز

کی راگنی ہے۔ لسانیت، قومیت کی بنیادوں پر نئے صوبوں کے مطالبات آئین کے منافی ہیں اور حب الوطنی کے تقاضوں کے خلاف ہیں۔ ایم کیو ایم متحدہ قومی موومنٹ سے دوبارہ مہاجر قومی موومنٹ کی طرف لوٹ رہی ہے جو کہ قابل مذمت رویہ ہے۔ فرقہ واریت۔ لسانیت، انتہا پسندی، نسل پرستی ملک کیلئے زہر قاتل ہے سیاسی لیڈروں کو صرف پاکستانی بن کر سوچنا چاہیے

جڑواں شہروں سے شائع ہونے والا پہلا مکمل مقامی اخبار

راولپنڈی ۔ اسلام آباد

روزنامہ

صبح و پیام

ایڈیٹر

زاہد فاروق ملک

جلد 4 | ہفتہ 2 مئی 2015ء 12 رجب المرجب 1436ھ 17 بیساکھ 2070ب | شمارہ 224

پاک سعودی عرب تعلقات وقت کے ساتھ مزید مضبوط ہوں گے عبدالرحمٰن عزیز

